## کراچی کا ایک ایک امن پسند شہری اپنی جان دیدے گا لیکن کراچی پر طالبان کا قبضہ نہیں ہونے دے گا۔الطاف حسین

## طالبان کراچی پر بھی اپنا کنٹرول قائم کرنا چاہتے ہیں تاکہ یہاں بھی لڑکیوں کے اسکولوں کالجوں کو آگ لگادی جائے،

## خواتین کی ملازمتوں پر پابندی لگادی جائے اورانہیں جبراً گھروں میں بند کردیا جائے

## جولوگ یہ کہتے تھے کہ الطاف حسین طالبانائزیشن کا واویلا مچارہا ہے وہ ان حقائق کو کیسے نظرانداز کرسکتے ہیں؟

## امن پسند اوراعتدال پسند عوام صوفیوں کی سرزمین صوبہ سندھ اوراسکے دارالخلافہ کراچی کو طالبانائزیشن سے بچائیں

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرتمام تنظیمی ونگزاورنائن زیروکے شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے ٹیلیفون پرخطاب

لندن۔۔۔15فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کراچی کا ایک ایک امن پسند شہری اپنی جان دیدے گا لیکن نہ تووہ کراچی میں گرلزاسکولوں اورکالجوں کو بند ہونے دے گا اورنہ ہی کراچی پر طالبان کا قبضہ ہونے دے گا۔انہوں نے کراچی سمیت سندھ بھرکے امن پسند اوراعتدال پسند عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ صوفیوں کی سرزمین اورامن کی دھرتی صوبہ سندھ اوراس کے دارالخلافہ کراچی کو طالبانائزیشن سے مل کر بچائیں۔انہوں نے یہ بات گزشتہ روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرایم کیوایم کے تمام تنظیمی ونگزاورنائن زیروکے شعبہ جات کے ارکان کے ایک اجلاس سے ٹیلیفون پرخطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔جناب الطاف حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے عوام کو گزشتہ کئی برسوں سے طالبانائزیشن کے خطرے سے ہوشیارکرنا شروع کیا،بعض مخالف سیاسی ومذہبی جماعتوں نے کراچی میں طالبانائزیشن کے وجود سے انکارکیا اوریہ کہا کہ الطاف حسین طالبانائزیشن کا واویلا مچارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں مختلف اوقات میں طالبان کی جانب سے دہشت گردی کی کئی بڑی بڑی کارروائیاں کی گئیں،دوواقعات میں تومسلح طالبان پکڑے گئے اوراب سی سی پی اوکراچی وسیم احمد نے اپنی پریس کانفرنس میں کراچی سے چھ طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری کا انکشاف کیا ہے اوریہ بھی بتایا ہے کہ یہ دہشت گردوزیرستان سے آئے تھے،انہوں نے فلاں فلاں جگہ حملے کئے۔سی سی پی او نے یہ بھی بتایا کہ یہ دہشت گردکسی اوربڑے حملہ کی کوشش کررہے تھے کہ پولیس کی مستعدی کی وجہ سے پکڑے گئے۔صدرآصف علی زرداری بھی ایک امریکی ٹی وی کو اپنے حالیہ انٹرویو میں کہہ چکے ہیں کہ ''طالبان پورے پاکستان پرقبضہ کرنا چاہتے ہیں اوربیشترعلاقوں میں ان کا کنٹرول بھی ہے''۔جناب الطاف حسین نے سوال کیا کہ جولوگ طالبانائزیشن کی حقیقت سے انکارکرتے تھے اوریہ کہتے تھے کہ الطاف حسین طالبانائزیشن کا واویلا مچارہا ہے وہ ان حقائق کو کیسے نظرانداز کرسکتے ہیں؟انہوں نے کہا کہ کراچی کے علاقے منگھوپیر سے طالبان کی گرفتاری اوران کی کارروائیوں کی مزید تفصیلات منظرعام پرآنے سے واضح ہے کہ طالبان کراچی پر بھی اپنا کنٹرول قائم کرنا چاہتے ہیں تاکہ یہاں بھی جبرکا نظام قائم کیا جائے،لڑکیوں کے اسکولوں کالجوں کو آگ لگادی جائے،خواتین کی ملازمتوں پر پابندی لگادی جائے اورانہیں جبراً گھروں میں بند کردیا جائے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کا ایک ایک امن پسند شہری اپنی جان دیدے گا لیکن نہ تووہ کراچی میں گرلزاسکول اورکالجوں کو بند ہونے دے گا اورنہ ہی کراچی پر طالبان کا قبضہ ہونے دے گا۔انہوں نے اجلاس کے توسط سے کراچی سمیت سندھ بھرکے امن پسند اوراعتدال پسند عوام سے اپیل کی کہ وہ صوفیوں کی سرزمین اورامن کی دھرتی سندھ اوراسکے دارالخلافہ کراچی کو طالبانائزیشن سے مل کر بچائیں۔انہوں نے تمام تنظیمی ونگزاورشعبہ جات کے ارکان سے کہا کہ وہ عوام کو طالبانائزیشن کے بڑھتے ہوئے خطرے سے آگاہ کریں۔انہوں نے عوام سے بھی کہا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کو طالبانائزیشن سے محفوظ رکھنے کیلئے علاقوں میں چوکیداری سسٹم قائم کریں اورچوکس رہیں۔

## سینیٹ کے الیکشن میں سندھ سے ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی پر

## الطاف حسین کی صدر آصف زرداری، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کوفون پر مبارکباد

**سینیٹ کے الیکشن میں تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کے ذریعے صوبہ سندھ تمام صوبوں سے بازی لے گیا ہے۔الطاف حسین**

**یہ کامیابی دراصل آپ کی کامیابی ہے اوراس کامیابی میں آپ کے تعاون اورقول وعمل کا بہت بڑا حصہ ہے۔صدر آصف زرداری**

**یہ تاریخی کامیابی آپکے تعاون، سیاسی بصیرت اورصدر آصف علی زرداری کی رہنمائی کی بدولت حاصل ہوئی ہے۔قائم علی شاہ**

**اس تاریخی کامیابی کا سہرا الطاف بھائی اورصدر آصف زرداری کے سر جاتا ہے۔رحمٰن ملک**

لندن۔۔۔15فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سینیٹ کے الیکشن میں سندھ سے ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کوفون کرکے مبارکباد پیش کی۔صدر آصف زرداری سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ سینیٹ کے الیکشن میں تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کے ذریعے صوبہ سندھ تمام صوبوں سے بازی لے گیا ہےاور سندھ نے ملکی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔انہوں نے بلا مقابلہ کامیابی پر صدر آصف زرداری اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں کو مبارکباد پیش کی اور انکے صاحبزادے بلاول بھٹوزرداری اور صاحبزادیوں بختاور بھٹوزرداری اور آصفہ بھٹوزرداری کودعائیں دیں۔صدر آصف زرداری نے بھی جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی دراصل آپ کی کامیابی ہے اوراس کامیابی میں آپ کے تعاون اورقول وعمل کا بہت بڑا حصہ ہے۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ سینیٹ کے الیکشن میں تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کے ذریعے صوبہ سندھ نے دیہی شہری اتحاد، بھائی چارے اورمفاہمت کا ایسا ریکارڈ قائم کیا ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سندھ کے تمام وزراء، ارکان اسمبلی اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ یہ کامیابی سندھ کیلئے نیک شگون ثابت ہو۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے بھی جناب الطاف حسین کوسندھ سے سینیٹ کے انتخابات میں ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں صوبہ سندھ نے دوسرے صوبوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ یہ تاریخی کامیابی آپ کے تعاون، سیاسی بصیرت اورصدر آصف علی زرداری کی رہنمائی کی بدولت حاصل ہوئی ہے اورہمیں آپکے تعاون سے بہت تقویت ملی ہے۔جناب الطاف حسین نے مشیر داخلہ اورنومنتخب سینیٹر رحمٰن ملک کوبھی ان کی بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور سندھ کے تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کوملکی سیاست کا ایک تاریخی واقعہ قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ سندھ سے ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے تمام امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی نے ملکی سیاست پر مثبت اثرات مرتب کئے ہیں اورسب کوخوشگوار حیرت میں مبتلا کردیا ہے۔مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے بھی جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اس تاریخی کامیابی کا سہرا الطاف بھائی اورصدر آصف زرداری کے سر جاتا ہے۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ تمام منتخب نمائندے عوام کی بھلائی اور ملک خصوصاً سندھ کی ترقی وخوشحالی اورمسائل کے حل کیلئے آپ کی لیڈرشپ میں مل جل کرکام کریں گے اوراتحادویکجہتی اورمفاہمت کی اس فضاء کومزید فروغ دیں گے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر کراچی مضافاتی کمیٹی گلشن حدید یونٹ کے کارکنان راؤزاہداوروجاہت علی کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی۔۔۔15،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی گلشن حدید یونٹ کے کارکنان راؤزاہداقبال ولد محمد اقبال اور وجاہت علی ولد محمد اکرم کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کوسختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## اے پی ایم ایس او شعبہ طالبات کے تحت سورۃ مزمل اور دوروِدِ تنجنا کے ختم کا انعقاد

کراچی۔۔۔15، فروری 2009ء۔۔۔آل پاکستان اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن شعبہ طالبات کے زیر اہتمام سورہ مزمل اور دورودِ تنجینا کے ختم کا انعقاد کیا گیا جس میں طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔سورہ مزمل اور دورودِ تنجینا کے ختم کے بعد ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، اس کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

## سرحد، سوات، باجوڑ اور قبائلی علاقوں کی طرح صوبہ سندھ اور بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن زور پکڑ چکی ہے، ہیر اسماعیل سوہو

## ایم کیوایم میر پور خاص زون میں خواتین کے اجلاس سے خطاب

میر پور خاص۔۔۔15، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر اسماعیل سوہو نے کہا ہے کہ سرحد، سوات، باجوڑ اور قبائلی علاقوں کی طرح صوبہ سندھ اور بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن زور پکڑ چکی ہے اور طالبان کی دہشت گردانہ سرگرمیوں کیلئے کراچی سے طالبان دہشت گردوں کا جرائم کی وارداتیں کر کے فنڈز اکھٹا کرنا اور انہیں قبائل اور صوبہ سرحد میں طالبان کو بھیجنا یہاں طالبانائزیشن کے مضبوط نیٹ ورک کی واضح نشاندہی کرتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے تحت میر پور خاص زون میں منعقدہ خواتین کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ عابدہ سیف بھی موجود تھیں۔ ہیر اسماعیل سوہو نے کہا کہ گزشتہ روز کراچی کے علاقے منگھوپیر سے 6 طالبان دہشت گردوں کو پولیس نے گرفتار کیا اور 6 فرار ہوگئے جبکہ سی سی پی او کراچی وسیم احمد نے اپنی پریس کانفرنس میں واضح بتایا کہ ان افراد کا تعلق بیت اللہ محسود گروپ سے ہے اور یہ یہاں اغواء برائے تاوان اور جرائم کی وارداتیں کر کے فنڈز قبائل میں طالبان کیلئے بھیجا کرتے تھے۔انہوں نے کہا کہ بعض نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں سندھ اور کراچی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کے انکشاف کو واویلا قرار دیتے رہے اور ان کی موجودگی سے صاف انکار کرتے رہے لیکن آج حقائق ثابت کررہے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کے حوالے سے اپنے جن خدشات کا اظہار کیا تھا وہ بالکل درست ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ اور کراچی کے عوام طالبانائزیشن کے عمل کو ہرگز قبول نہیں کریں گے اور اس کے خلاف بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں گے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ عابدہ سیف نے کہا کہ ملک کو اس وقت شدید اندرونی اور بیرونی خطرات لاحق ہیں اور اس حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین مسلسل اپنے خطابات اور بیانات کے ذریعے عوام کو آگاہی فراہم کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیر اہتمام ذیابطیس اور شوگر کے مرض سے متعلق معلومات کی فراہمی کیلئے پروگرام کا انعقاد

## پروگرام میں خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، شوگر چیک کرنے کیلئے خواتین کا خون ٹیسٹ بھی کیا گیا

کراچی۔۔۔15، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ذیابطیس اور شوگر کے مرض سے متعلق معلومات کی فراہمی کیلئے پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ پروگرام کی مہمان خصوصی ایم کیوایم کے شہید کارکن ناصر بلال کی والدہ محترمہ نفیسہ خاتون تھیں جبکہ اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ، رکن قومی اسمبلی وجوائنٹ انچارج شعبہ خواتین فوزیہ اعجاز نے بھی اظہار خیال کیا جبکہ ڈاکٹر فاطمہ جواد نے اسکرین پر سلائیڈز کے ذریعے شوگر ہونے کی وجوہات، علامات اور اس کے بچاؤ کے طریقہ کار سے آگاہ کیا اور ذیابطیس کے مرض کی اقسام اور خاندانی وراثتی حوالے سے بھی معلومات فراہم کیں۔انہوں نے خواتین کو ذیابطیس کے مرض سے بچنے کیلئے چھ اصول بھی بتائے جن میں ذیابطیس کے متعلق تعلیم سے آگاہی، خوراک پر توجہ، ورزش، ادویات کا استعمال، خون میں شکر کی مقدار کو چیک کرنا اور مستقل اپنے معالج کے پاس جانا شامل ہیں۔انہوں نے بتایا کہ کم کھائیں اور زیادہ چلیں اس سنہرے اصول کو زندگی کا حصہ بنانے سے ذیابطیس کی شرح کو کم کیا جاسکتا ہے۔اس موقع پر NOVO NORDISK کمپنی کے تعاون سے شوگر چیک کرنے کیلئے خواتین کا خون ٹیسٹ بھی کیا گیا اور انہیں احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا گیا۔

## محنت کش طبقہ میں قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ تیزی سے فروغ پارہا ہے، جوائنٹ انچارج لیبر ڈویژن مظاہر حسین

کراچی ۔۔۔15، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے زیر اہتمام گزشتہ روز گلبرگ ٹاؤن یونٹ میں جنرل ورکرز اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں کارکنان کی بڑی تعداد کے علاوہ ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین، اراکین ذکی قادری تحسیم الحق، کمال الدین اور گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کمال ملک نے بھی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جوائنٹ انچارج لیبر ڈویژن مظاہر حسین نے کہا کہ حق پرست قیادت کی ولولہ انگیز کاوشوں کے باعث آج کراچی کا نقشہ تبدیل ہو گیا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرست منتخب نمائندوں کے علاوہ کارکنان بھی ملک اور کراچی کی ترقی و خوشحالی کیلئے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حالت انتہائی نازک ہیں، دہشت گردی، بم دھماکوں کے ذریعے عوام کو یرغمال بنالیا جارہا ہے، جبری شریعت نافذ کی جارہی ہے اور عوام کے بنیادی حقوق بری طرح سے پامال کئے جارہے ہیں جبکہ طالبانائزیشن کے بارے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین جن خدشات کا اظہار کرتے رہے ہیں وہ آج سچ ثابت ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقہ کسی بھی تحریک میں ہراول دستہ کا کردار ادا کرتا ہے اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے کارکنان نہ صرف محنتی ہیں بلکہ کاز، مشن اور مقصد و نظریئے سے بھی مخلص ہیں اور یہی وجہ ہے کہ محنت کش طبقہ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ تیزی سے فروغ پارہا ہے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ چوکنا رہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔15، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے شہید کارکن محمد انور کے والد محمد صدیق الحسن، ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ یونٹ B-140 کے یونٹ انچارج منصور کی والدہ محترمہ سعیدہ بیگم، ایم کیو ایم شعبہ خواتین سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ خدا کی بستی کی کارکن محترمہ فہمیدہ کے شوہر مرزا ریاض بیگ، ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو کچن میں خدمات انجام دینے والے محمد عامر، ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 62 کے کارکن شیر علی کی والدہ محترمہ شاہدہ پروین اور ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 138 کے کارکن کفیل احمد خان کے والد محمد لئیق خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج و حق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی اراکین نے محترمہ فہمیدہ کے شوہر مرزا ریاض بیگ کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ جا کر سوگوار خواتین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ اس موقع پر انہوں نے مرزا ریاض بیگ کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم ایک سیاسی و انقلابی تحریک ہے جو پاکستان میں رائج فرسودہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے ڈاکٹر سلیم دانش

لندن ۔۔15 فروری 2009ء۔۔۔ایم کیو ایم ایک سیاسی و انقلابی تحریک ہے جو پاکستان میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں ایک ایسے نظام کا نفاذ چاہتی ہے جہاں غریب امیر کی تفریق نہ ہو۔ یہ بات ایم کیو ایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے لندن کے علاقے پیٹر برگ میں علامہ اقبال کمیونٹی ہال میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں برطانیہ میں مقیم آزاد کشمیر، پنجاب اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ڈاکٹر سلیم دانش نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم بلاتفریق و نسل تمام قومیت سے تعلق رکھنے والے غریب و متوسط طبقہ اور حقوق سے محروم عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کیلئے یکساں اور برابری کی بنیاد پر چاہتی ہے اور یہ عمل اسی وقت ہوسکتا ہے جب ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم زبانی دعوے نہیں کرتی بلکہ عملی اقدام کر کے صحیح معنوں میں عوامی خدمت کا عملی مظاہرہ بھی کر رہی ہے جس کی عملی ثبوت 2005ء میں آزاد کشمیر میں آنے والے زلزلہ میں ایم کیو ایم کے کارکنان نے اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر متاثرین کیلئے بلاتفریق رنگ و نسل امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا جبکہ بلوچستان میں آنے والے حالیہ زلزلے میں بھی امدادی سرگرمیوں میں بھر پور حصہ لیا۔ ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب میں سلیم بٹ کی کامیابی اور طاہر کھوکھر کا وزیر کے منصب پر فائز ہونا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریہ کی کامیابی ہے اور یہ عمل اس بات کی غمازی ہے کہ جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے۔ اجتماع سے لیبر پارٹی کے نامزد امیدوار پارلیمنٹ ایڈی مرفی (Eddy Murphy)، سابق میئر پیٹر برگ (Petersborough) چوہدری محمد ایوب اور ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ، عبدالحلیم اور علی مرتضیٰ نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆